نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب عاشق حسین کرمانی سے ڈائریکٹر سیلز ایشیا کن (KUHN) کمپنی سٹیفن اوڈن (Mr.Stephane Oudin) کی پنجاب اسمبلی چیمبر میں ملاقات

لاہور:19اپریل2024 (   ) وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے ڈائریکٹر سیلز ایشیاء کمپنی سٹیفن اوڈن نے ملاقات کی ۔اسملاقات کے دوران صوبائی وزیرزراعت عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ زرعی شعبہ ہماری پہلی ترجیح ہے جوکہ ہماری معیشت کو بحال کرسکتی ہے،حکومت کی بھرپور توجہ زراعت پر مرکوز ہے۔انھوں نے کہا کہ پنجاب حکومت نے ایگریکلچر ری ویمپنگ کے تحت میکنا ایزیشن پروگرام پر عملدرآمد کو یقینی بنا رہی ہے۔پنجاب میں اگلے دو سالوں میں مقامی طور پر تیار کردہ 27000زرعی مشینیں60فیصد سبسڈی پر فراہم کی جائیں گی ۔عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ ہائی ٹیک مشینوں کو درآمد کرنے کے لئے پرائیویٹ سیکٹر ڈیلرز کو 7فیصد مارک اپ پر قرضے کی سہولت فراہم کی جارہی ہے۔وزیراعلی پنجاب مریم نوازشریف بڑی مشینوں پر لگی ڈیوٹی کو کم سے کم کرنے کی خواہاں ہیں۔

اس ملاقات کے دوران سٹیفن اڈون نے کہا کہ کن (KUHN) کمپنی زرعی مشینری بنانے والی دنیا کی سب سے بڑی کمپنی ہے اور اس کا سالانہ ٹرن اوور 15ارب یورو ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ ہماری کمپنی اچھی کوالٹی کی بڑی زرعی مشینری تیار کرتی ہے۔ہم پنجاب میں فضائی آلودگی پر قابو پانے کے لئے سبسڈائزڈ قیمت پر نئے آلات فراہم کرنے کے پروگرام کو شروع کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔سٹیفن اوڈن نے مزید کہا کہ جدید ٹیکنالوجی سے تیار کردہ ہل چلانے ،شیراڈنگ، بیج پلاننگ،کھاد ڈالنے اور فصل کی کٹائی اور اس کو محفوظ بنانے کے لئے یہ بڑی مشینیں صوبہ پنجاب میں فصلوں کی پیداوار بڑھانے میں مدومعاون ہوسکتی ہیں۔ڈائریکٹر سیلز ایشیا نے کہا کہ کمپنی کے معیاری زرعی آلات اور 65ہارس پاور سے لے کر 300ہارس پاور کے بڑے ٹریکٹر فصلوں کی کاشت سے لے کر آخری مراحل تک استعمال سے کسانوں کی محنت اور وقت کی بچت ہوگی۔

وزیرزراعت پنجاب نے کہا کہ کن (KUHN) کمپنی کے اعلی کوالٹی اور بڑے ٹریکٹرز پنجاب کے 15فیصد بڑے زمیندار ہی خریدنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔وزیراعلی پنجاب مریم نوازشریف کی واضح ہدایات کے مطابق پنجاب حکومت فضائی آلودگی پر قابو پانے کے لئے دھان کے کاشتکاروں کو رائس شریڈرز اور سپر سیڈرز کی فراہمی کو یقینی بنا رہی ہے۔